03/06/2026 09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں بصارت گل

نشہ مکت ابھیان

جموں کشمیر کے سبھی اضلاع میں سو روز پر مشتمل نشہ مکت ابھیان شدو مد کے ساتھ جاری ہے۔ سول اور پولیس انتظامیہ کی جانب سے عوامی بیداری پروگراموں کے انعقاد کا سلسلہ جاری ہے جبکہ منشیات فروشوں کے خلاف کڑی کاروائیاں کی جار ہی ہے۔ انتظامیہ نے اس ابھیان کو اپنے منطقی انجام تک پہنچانے کا عزم کیا ہے۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام۔۔

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جموں صوبے کے سیلاب سے متاثرہ ڈوڈہ اور کشتواڑ اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ مکمل چوکسی برقرار رکھیں اور بنیادی سہولیات کی فوری بحالی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے لوگوں کی راحت رسانی کے لئے تعینات ٹیموں کو ہائی الرٹ پر رہنے اور صورتحال کی مسلسل نگرانی کرنے کی تاکید کی ہے۔

ایل جی نے سڑکوں، شاہراہوں اور پانی کی سپلائی لائنوں کی فوری بحالی کو یقینیبنانے پر زور دیا ہے۔ منوج سنہا نے کہا ہے کہ بنیادی سہولیات کی بحالی کا کام مکمل ہوتے ہی نقصانات کا تخمینہ لگانے کا عمل شروع کیا جائے گا۔

انہوں نے کھڈھر ڈوڈہ کی پنکی دیوی، جو آسمانی بجلی گرنے کے واقعے میں ازجان ہوگئیں، کے لواحقین کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر سے، متاثرہ خاندان کو فوری امداد اور ہر ممکن تعاون فراہم کےلئے کہا گیا ہے۔

چیف سیکریٹری

وِکاس یوجنا میں جموں Audyogikچیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کل ایک میٹنگ کے دوران بھارت کشمیر کے صنعت و حرفت محکمے کی شرکت کے لئے کی گئی تیاریوں کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے اس سلسلے میں منظم منصوبہ بندی اور تفصیلی پروجیکٹ رپورٹ تیار کرنے کی ہدایت دی ۔

وِکاس یوجنا مرکزی سرکار کی ایک فلیگ شپ سکیم ہے جس Audyogik واضح رہے کہ بھارت صنعتی پارکس قائم کرنا ہے ۔ Plug and Play کا مقصد ملک بھر میں عالمی معیار کی

ایمبولینس کاریڈور

ایمبولینس گاڑی کو طبی نگہداشت کے شعبے میں ریڈھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہوتی ہے۔ وقت کی ضرورت ہے کہ جمونوکشمیر میں ایمبولینس کاریڈور قائم کئے جائیں۔

اس تعلق سے کینسر سو سائٹی آف کشمیر سرینگر کے میڈیکل سپرانڈنٹ اور سینئر کنسلٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر نذیر احمد خان نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

آنند جین یاترا

ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل آف پولیس آرمڈ آنند جین نے سرینگر میں ایک میٹنگ میں شری امرناتھ جی یاترا 2026 کے لیے کی جانے والی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ میٹنگ میں آرمڈ پولیس یونٹس سے متعلق آپریشنل اور انتظامی امور پر بھی غور کیا گیا۔

نے افسران کو وسائل کی بروقت فراہمی اور تمام آپریشنل منصوبوں پر ADGP
مو

ثر عمل درآمد کو یقینی بنانے کی ہدایت دی تاکہ یاترا کا محفوظ اور ﺋ
پ

رامن انعقاد یقینی بنایا جا سکے۔±

بال پرسکار

مرکزی سرکار نے پردھان منتری راشٹریہ بال پرسکار 2026 کے لیے نامزدگیاں طلب کی ہیں۔ نامزدگیوں کے اندراج کی آخری تاریخ 31 جولائی مقرر کی گئی ہے۔

یہ اعزاز بہادری، سماجی خدمت، ماحولیات، کھیل، فن و ثقافت، اور سائنس و ٹیکنالوجی جیسے شعبوں میں غیر معمولی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے والے بچوں کو دیا جاتا ہے۔

خواتین و اطفال کی ترقی کی وزارت نے بتایا ہے کہ کسی بھی شہری کی جانب سے نامزدگیاں صرف قومی اعزازات پورٹل کے ذریعے وصول کی جائیں گی۔

WAVES OTT

نے نومبر 2024 میں آغاز کے بعد WAVES OTT پرسار بھارتی کے ڈیجیٹل سٹریمنگ پلیٹ فارم دو سال سے بھی کم عرصے میں ایک کروڑ رجسٹرڈ صارفین کا سنگِ میل عبور کر لیا ہے۔

اطلاعات و نشریات کی وزارت نے کہا ہے کہ یہ کامیابی ملک کے عوامی ڈیجیٹل میڈیا نظام کی ترقی میں ایک اہم پیش رفت کی عکاس ہے۔

وزارت نے مزید بتایا کہ ایک کروڑ سے زائد رجسٹرڈ صارفین اور ایک کروڑ چالیس لاکھ سے زیادہ
ڈاو

اب اپنی ترقی کے اگلے مرحلے پر توجہ مرکوز WAVES OTT ن لوڈز حاصل کرنے کے بعدنے کیے ہوئے ہے۔

قومی پنچایت ایوارڈ

قومی پنچایت ایوارڈس 2025 کی تقریب آج نئی دلی میں منعقد ہورہی ہے۔ اس موقع پر ملک بھر کی 42 نمایاں پنچایتوں کو ان کی شاندار کارکردگی کے اعتراف میں اعزازات سے نوازا جائے گا۔

ایوارڈ حاصل کرنے والی پنچایتوں کے سربراہان اپنی بہترین کارکردگی، اختراعی اقدامات اور نمایاں کامیابیوں کا خلاصہ پیش کریں گے تاکہ دیگر پنچایتیں ان کے تجربات سے استفادہ کر سکیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت14اعشاریہ 1 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ23 اعشاریہ 2 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ